प्रश्न –पत्र का प्रारूप

कक्षा– 10 विषय– उर्दू तृतीय भाषा अवधि– 3 घण्टे15 मिनट पूर्णांक – 80

1. उद्देश्य हेतु अंकभार –

क्रं.सं.	उद्देश्य	अंकभार	प्रतिशत
1.	ज्ञान	20	25
2.	अवबोध / अर्थग्रहण	28	35
3.	ज्ञानोपयोग / अभिव्यक्ति	24	30
4.	कौशल / मौलिकता	08	10
	योग	80	100

2. प्रश्नों के प्रकार एवं अंकभार –

क्रं.सं.	प्रश्नों के प्रकार	प्रश्नों की संख्या	अंक प्रति प्रश्न	कुल अंक	प्रतिशत	सम्भावित समय
1.	वस्तुनिष्ठ / बहुविकल्पात्मक					
2.	अतिलघूत्तरात्मक	10	01	10	12.50	20 मिनट
3.	लघूत्तरात्मक ।	07	02	14	17.50	35 मिनट
4.	लघूत्तरात्मक ।।	10	04	40	50	80 मिनट
5.	निबंधात्मक	02	08	16	20	35 मिनट
	योग	29		80	100	170 मिनट

विकल्प योजना : आन्तरिक पुनरावलोकन .....10 मिनट.....

3. विषय वस्तु का अंकभार –

क्रं.सं.	इकाई	अंकभार	प्रतिशत
1.	अपठित गद्यांश	08	10
2.	रचनाः मज़मून, खुतुत व अर्जी	16	20
3.	व्याकरण (क़वाइद)	16	20
4.	पाठ्यपुस्तक (हिस्सा–ए–नस्र) गद्य	20	25
5.	पाठ्यपुस्तक (हिस्सा–ए–नज़्म) पद्य	20	25
6.	योग	80	100
7.			
8.			
9.			
10.			
11.			
12.			
13.			
14.			
15.			
16.			
17.			
18.			

मॉडल प्रश्न पत्र ब्ल्यू प्रिन्ट

विषय :–उर्दू (तृतीय भाषा)कक्षा–10 पूर्णांक :– 80

क्रं.सं.	उद्देश्य इकाई / उप इकाई	ज्ञान				अवबोध				ज्ञानोपयोगी / अभिव्यक्ति				कौशल / मौलिकता				योग
		अति लघु	लघु.		निबं	अति लघु	लघु.		निबं	अति लघु	लघु.		निबं	अति लघु	लघु.		निबं	
			SA1	SA2			SA1	SA2			SA1	SA2			SA1	SA2		
1.	अपठित गद्यांश					4(4)							2(1)				2(–)	8(5)
2.	रचनाः (1) मज़मून,				2(1)								2(–)				4(–)	8(1)
3.	(2) खुतुत व अर्जी												8(1)*					8(1)
4.	व्याकरण (क़वाइद)			8(2)+				8(2)*										16(4)
5.	पाठ्यपुस्तक (हिस्सा–ए–नस्र) गद्य	1(1)	8(4)			1(1)	2(1)				2(1)		4(1)	2(2)				20(11)
6.	पाठ्यपुस्तक (हिस्सा–ए–नज़्म) पद्य	1(1)				1(1)		4(1)	8(2)		2(1)		4(1)					20(7)
7.	योग	2(2)	8(4)	8(2)	2(1)	6(6)	2(1)	12(3)	8(2)		4(2)		20(4)	2(2)			6(–)	80(29)
8.	कुल योग	20(9)				28(12)				24(6)				8(2)				80(29)

विकल्पों की योजना :– 03

नोट :– कोष्ठक में बाहर की संख्या अंको की तथा भीतर प्रश्नों के लिए है।

प्रश्न संख्या 22,23,28 में आंतरिक विकल्प दिया गया है।

हस्ताक्षर

SECONDARY EXAMINATION-2018

MODEL PAPER - 2018

URDU

(Third Language)

Time : 3 ¼ Hours

Maximum Marks : 80

طلبہ کے لیے ہدایات:

(i) طلبہ/ طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہوں اُن حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

(الف) مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اقتباس کے بعد دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

اللہ نے دن کام کرنے کے لیے اور رات آرام کرنے کے لیے بنائی ہے۔ صبح سویرے اٹھنے کے بے شمار فائدے ہیں، صحت اور رِزق کے تقسیم کا وقت صبح کو بنایا گیا ہے، چنانچہ تمام حیوانات و نباتات صبح سویرے خوش و خرّم ہو کر کاروبارِ زندگی شروع کرتے ہیں، صبح کی تازہ ہوا، سورج کی کرنیں صحت کے لیے مفید ہیں۔ اسکول کے پڑھنے کا بہترین وقت بھی صبح ہی کو بتایا گیا ہے۔ ہر قسم کے مقصد کو حاصل کرنے کا وقت صبح سے ہی شروع ہوتا ہے۔

(1) اس اقتباس کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 4

(2) اللہ نے دن اور رات کس لیے بنائے ہیں؟ 1

(3) صبح سویرے اٹھنے کے کیا کیا فائدے ہیں؟ 1

(4) صحت کے لیے کیا کیا چیزیں مفید ہیں؟ 1

(5) اس اقتباس میں استعمال شدہ الفاظ 'حیوانات' اور 'نباتات' کے معنی بتائیے۔ 1

(ب) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک یا دو جملوں میں دیجیے۔

(6) سبق 'وقت' کے مطابق دنیا میں کس کی تلافی نہیں ہے؟ 1

(7) نوشیروان کس لیے مشہور تھا؟ 1

(8) ابوّخاں کو کیا شوق تھا؟ 1

(9) وطن کی ترقی کے لیے کون ہمیشہ کوشاں رہتا ہے؟ 1

(10) بندے کو بخش دینا کس کا کام ہے؟ 1

(11) نظیرؔ اکبرآبادی کا پورا نام بتایئے؟ 1

(ج) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو سے تین سطروں میں لکھیے۔

(12) قومی تنزّل (قومی زوال) کون سی باتوں کا مجموعہ ہے؟ 2

(13) ڈپٹی نذیر احمد کے چار مشہور ناولوں کے نام لکھیے۔ 2

(14) فدائے وطن: عبدالحمید نے غریب نوازؒ کے آستانے کی طرف منھ کر کے کیا فریاد کی تھی؟ 2

(15) ایٹم کے مرکزے میں کون کون سے ذرّات ہوتے ہیں؟ 2

(16) 'حمد' اور 'نعت' کس کس کی تعریف میں لکھی جاتی ہیں؟ 2

(17) بیگم حضرت محل کی کن کن علوم وفنون میں دلچسپی تھی؟ 2

(18) ڈاکٹر ذاکر حسین کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ 2

(د) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات چار سے چھ سطروں میں دیجیے۔

(19) 'لوہا لینا' اور 'دانت کھٹّے کر دینا' محاوروں کے مطلب لکھیے اور ان کو اپنے جملوں میں استعمال بھی کیجیے۔ 4

(20) مندرجہ ذیل رموز و اوقاف میں سے کن ہی دو کی تعریف لکھیے اور ان کی علامتیں (نشانات) بھی بتایئے۔ 4

(i) سکتہ (Comma) (ii) ختمہ (Full Stop)

(iii) سوالیہ (Sign of Interrogation) (iv) واوین (Inverted Commas)

(21) مندرجہ ذیل میں سے کن ہی دو کی تعریف لکھیے اور مثالیں بھی دیجیے۔ 4

(i)فعل۔ (ii)فاعل۔ (iii) مفعول۔

(22) مندرجہ ذیل میں سے کن ہی دولفظوں کے دو دومترادف الفاظ لکھیے۔ 4

(i)آسمان۔ (ii)جنت۔ (iii) زمین۔

یا

مندرجہ ذیل میں سے کن ہی چار لفظوں کے متضاد (اُلٹے) لفظ بتائیے۔

(i)اوّل۔ (ii)شب۔ (iii)جاہل۔ (iv) عرش۔ (v)دانا۔ (vi)سخی۔

(23) مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کا مطلب لکھیے اور سیاق وسباق کا حوالہ بھی دیجیے۔4

بیگم حضرت محل ہندوستان کی ایسی بیٹی تھیں جن پر جتنا فخر کیا جائے کم ہے۔ایک ذمہ دار خاتون ہونے کے ساتھ ساتھ انھوں نے اپنے وطن کی آن بان اور شان کے لیے انگریزوں کی فوج کا مردانہ وار مقابلہ کیا۔جب 1856ء میں انگریزوں نے ریاست اودھ پر قبضہ کرلیا اور واجد علی شاہ اختؔر کو کلکتہ بھیج دیا تب حضرت محل نے نہ صرف ریاست کی باگ ڈور سنبھالی بلکہ اپنے نابالغ بیٹے برجیس قدر کو گدّی پر بٹھا کر عملی طور پر انگریزی فوج سے لوہا لیا۔

یا

ایک تندرست شخص کو اپنی تندرستی کی اہمیت کا اُتنا احساس نہیں، اِس کے برعکس ایک بیمار شخص تندرستی کی اہمیت زیادہ اچھی طرح سمجھ سکتا ہے۔وہ اپنی بیماری سے خود تو تکلیف پاتا ہی ہے ساتھ ہی اُس کے تیمار دار بھی پریشان ہوجاتے ہیں۔اس لیے ہمیں تندرستی کے معاملے میں لاپرواہی نہیں برتنی چاہیے اور اللہ کی اس بیش بہا نعمت کی قدر کرتے ہوئے جسم کو نقصان پہنچانے والی نشہ آور اور دیگر نقصاندہ چیزوں سے دور رہنا چاہیے۔

(24) نظم/غزل کی تعریف بتائیے۔(کسی ایک صنف کی) 4

(25) مندرجہ ذیل اشعارِغزل میں سے کِن ہی دو کے مطلب لکھیے۔ 4

(i) اشک آنکھوں میں کب نہیں آتا
لہو آتا ہے جب نہیں آتا

(ii) فقیرانہ آئے صدا کر چلے
میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے

(iii) جان دی ، دی ہوئی اسی کی تھی
حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

(iv) بسکہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا
آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا

(26) مندرجہ ذیل نظموں میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 4

(i)محنت کرو۔ (ii) کمزور کی مدد۔ (iii)تعلیمِ نسواں

(ہ) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تفصیل سے دیجیے۔

(27) مندرجہ ذیل شاعروں میں سے کسی ایک کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالیے۔ 4

(i)مرزا غالبؔ۔ (ii)علامہ اقبالؔ۔ (iii) خداداد خاں مونسؔ

(28) اپنے دوست کی سالگرہ پر اُس کو مبارک باد کا خط تحریر کیجیے۔ 8

یا

اپنے بڑے بھائی کی شادی میں شرکت کرنے کے لیے اپنے اسکول کے پرنسپل/ ہیڈ ماسٹر صاحب کو تین

دن کی چھٹی (رُخصت) کی درخواست لکھیے۔

(29) مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون لکھیے۔ 8

(i) عیدالفطر۔

(ii) میرا پسندیدہ شاعر/نثر نگار۔

(iii) تاج محل۔

SECONDARY EXAMINATION-2018

MODEL PAPER - 2018

URDU (Third Language)

Time : 3 ¼ Hours

Maximum Marks : 80

mRrj rkfyd k ,oa vad ; kstuk	جواب نامہ اور نمبر اسکیم
fo"k; %& mnwZ rh;Hkk"kk	اردو (T.L.)
d{kk 10	درجہ 10

i"B la	vad foHkktu	lgh mRrj	iz'u Øekad
	4	غیر درسی اقتباس کا مطلب	1
	1	دن کام کرنے کے لیے اور رات آرام کرنے کے لیے	2
	1	صبح اٹھنے کے بے شمار فائدے ہیں: صحت اچھی رہتی ہے۔ صبح کا وقت پڑھنے کے لیے بہترین ہوتا ہے۔	3
	1	صحت کے لیے تازہ ہوا اور سورج کی کرنیں مفید ہیں۔	4

5	حیوانات: انسان اور تمام جاندار نباتات: زمین پر پیدا ہونے والی تمام چیزیں	1	
6	وقت کی تلافی نہیں ہے	1	11
7	جاہ وحشمت اور شان وشوکت کے لیے	1	27
8	بکریاں پالنے کا شوق تھا	1	35
9	محبّ وطن کوشاں رہتا ہے۔	1	66
10	بندے کو بخش دینا رب کا کام ہے۔	1	112
11	ولی محمد	1	119
12	قومی زوال مجموعہ ہے شخصی سستی، شخصی بے عزتی، شخصی بے ایمانی، شخصی خود غرضی اور شخصی برائیوں کا	2	05
13	نذیر احمد کے چار مشہور ناول ہیں مراۃ العروس، بنات النعش، توبتہ النصوح اور ابن الوقت	2	10
14	فدائے وطن: عبدالحمید نے کہا ''بابا آج ہم کو کوئی سزا ملی تو پھر کبھی نہیں آئیں گے۔''	2	51
15	ایٹم کے مرکزے میں تین ذرّات ہوتے ہیں۔ الیکٹران، پروٹون اور نیوٹران	2	73

16	حمد اللہ کی تعریف میں لکھی جاتی ہے اور نعت محمدؐ کی تعریف میں لکھی جاتی ہے۔	2	111] 115
17	بیگم حضرت محل کی دلچسپی شاعری، موسیقی، رقص اور دیگر علوم وفنون میں تھی۔	2	42
18	ڈاکٹر ذاکر حسین ۸ر فروری ۱۸۹۷ء کو بمقام حیدر آباد دکن پیدا ہوئے	2	34
19	(i) لوہا لینا یعنی جم کر مقابلہ کرنا=ا نمبر جملے میں استعمال کرنے پر=ا نمبر (ii) دانت کھٹے کر دینا یعنی شکست دینا یا عاجز کر دینا=ا نمبر جملے میں استعمال کرنے پر=ا نمبر	4	46
20	رموز واوقاف کی تعریف وعلامت: (i) سکتہ(،) ایک جملے میں دو باتوں کو جوڑنے پر (ii)ختمہ (۔)ختمہ کی علامت جملے کے مکمل ہونے پر اور قاری کے لیے بھرپور ٹھہراؤ کی نشان دہی کرتی ہے۔ (iii)سوالیہ(؟) سوالیہ کی علامت، سوالیہ جملے کے آخر میں لگائی جاتی ہے۔ (iv) واوین:(” “) کسی کے قول کو جب نقل کیا جائے	4	93& 95

21	فعل۔وہ لفظ جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر ہو، اسے فعل کہتے ہیں۔ جیسے پڑھنا، لکھنا وغیرہ فاعل۔کسی کام کا کرنے والا فاعل کہلاتا ہے مثلاً احمد نے خط لکھا۔	4	79
22	مترادف الفاظ آسمان: چرخ، فلک، عرش، آفاق جنت: فردوس، بہشت، ارم، خلد یا متضاد الفاظ اوّل۔آخر، شب۔روز، جاہل۔عالم، عرش۔فرش دانا۔نادان، سخی۔بخیل، کنجوس	4	85 90
23	سبق کا نام ۔بیگم حضرت محل مصنف کا نام۔ڈاکٹر معین الدین شاہینؔ تشریح (مطلب) یا سبق کا نام۔ایک تندرستی ہزار نعمت مصنف کا نام۔محمد صادق تشریح (مطلب)	4	41 61

104& 106	4	غزل یا نظم کی تعریف	24
163& 164 171& 172	4	اشعار غزل کا مطلب: شعر نمبر (i) (ii)= میرؔ شعر نمبر (iii) (iv)= غالبؔ	25
 126 135 145	4	نظم کا خلاصہ نظم محنت کرو شاعر محمد حسین آزاد نظم کمزور کی مدد شاعر حفیظؔ جالندھری نظم تعلیم نسواں شاعر خداداد خاں مونسؔ	26
 168& 169 129& 130 142& 144	4	کسی ایک شاعر کے حالاتِ زندگی: مرزا غالبؔ۔ علامہ اقبالؔ۔ خداداد خاں مونسؔ	27

28	خط آغاز مواد خاتمہ یا عرضی (مروجہ اصول کے مطابق عرضی نویسی)	8	
29	مضمون نویسی عیدالفطر میرا پسندیدہ شاعر/نثر نگار تاج محل مذکورہ عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون: تمہید: ۲ نمبر نفس مضمون یا مواد : ۴ نمبر خاتمہ اور طالب علم کی رائے : ۲ نمبر	8	